روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ یکم اگست 2008ء 28 رجب 1429 ہجری یکم ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 175

جلسہ سالانہ برطانیہ کے دوسرے روز حضور انور ایدہ اللہ کے خواتین سے خطاب کا خلاصہ 26 جولائی 2008ء

آنحضرت ﷺ عورتوں کی آزادی اور ان کے حقوق کے سب سے بڑے علمبردار تھے

اللہ تعالیٰ کی عبادت اور قرآن کریم پڑھنا اور اس میں دیئے گئے احکامات پر عمل کرنا ہر احمدی عورت کا فرض ہے

جماعت احمدیہ برطانیہ کے 42ویں جلسہ سالانہ منعقدہ 27,26,25 جولائی 2008ء کے دوسرے روز خواتین سے خطاب کے لئے پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر 5 بجے لجنہ جلسہ گاہ میں رونق افروز ہوئے۔ آپ کی آمد پر لجنہ جلسہ گاہ نعرہ ہائے تکبیر سے گونج اٹھا۔ حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ سٹیج پر تشریف فرما ہوئے۔ اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد نظم پیش کی گئی۔ نظم کے بعد حضور انور نے تعلیمی میدان میں اعزازات پانے والی طالبات میں انعامات تقسیم فرمائے جبکہ حضرت بیگم صاحبہ نے حضور انور کی طرف سے طالبات کو میڈلز پہنائے۔ بعد ازاں حضور انور نے خواتین سے خطاب فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا کہ ایک زمانہ تھا کہ عورت کو اس کا جائز مقام نہیں دیا جاتا تھا اور ایک بیوی کی حیثیت ایسی تھی کہ اسے پاؤں کی جوتی سمجھا جاتا تھا بلکہ اب بھی بعض غریب ممالک میں عورت کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ بعض معاشروں اور خاندانوں میں عورت کو بالکل ایک حقیر سی چیز سمجھا جاتا ہے۔ مغرب میں بھی چند دہائیاں پہلے تک کوئی حیثیت نہیں تھی۔ آج بھی بعض اہم کام مغرب کے تعلیم یافتہ لوگ جو ہیں وہ عورت کو نہیں دینا چاہتے۔ فرمایا کہ دین سے قبل جو عرب معاشرہ تھا اس کی تاریخ اگر ہم دیکھیں تو پتہ چلتا ہے کہ ظالمانہ سلوک عورت سے روا رکھا جاتا تھا، بیوی کی حیثیت سے عورت عرب معاشرے میں بہت سے حقوق سے محروم تھی اور بیٹی کی حیثیت سے بھی بعض قبیلے اور لوگ ایسے تھے جو اس سے بہت برا سلوک کرتے تھے۔ آنحضرتؐ نے آ کر ان کے حقوق کو قائم کیا، عورتوں کا جو حق ورثہ ہے اسے قائم فرمایا اور ان کو برابری کے حقوق دلوائے۔ چنانچہ قرآن کریم میں لڑکیوں کو ماں باپ کے ورثے کا حقدار قرار دیا گیا، بیویوں کو خاوندوں کے ورثے کا حقدار قرار دیا گیا، ماؤں کو خاوند اور بچے کے ورثے کا حقدار قرار دیا گیا اور پھر بعض صورتوں میں بہنوں کو بھائیوں کا وارث قرار دیا گیا۔ دین سے پہلے کسی مذہب نے عورت کے اس طرح حقوق قائم نہیں کئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ قرآنی تعلیم کے مطابق مرد عورتوں پر نگران ہیں، اس فضیلت کی وجہ سے جو اللہ تعالیٰ نے بعض کو بعض پر بخشی ہے اور اس وجہ سے بھی کہ وہ اپنے اموال ان پر خرچ کرتے ہیں اور گھر کا خرچ چلانے کی ذمہ داری مرد پر ہے کیونکہ اسے گھر کا نگران بنایا گیا ہے۔ اگر مرد اپنی ذمہ داری ادا نہیں کر رہا تو اس کا وہ مقام نہیں ہے۔ اگر اپنے بچوں کی تربیت میں اپنے عمل اور رویے سے حق ادا نہیں کر رہا تو وہ گنہگار ہے۔ پس اگر نگران اپنی ذمہ داری کا حق ادا نہیں کر رہا اور نسل کے بھی برباد ہونے اور بگڑنے کا خطرہ ہے تو پھر عورت کی عقلمندی کا تقاضا ہے کہ وہ نظام سے رجوع کرے لیکن بہانے بنا کر نہیں بلکہ تقویٰ یہاں شرط ہے اور تقویٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے حقوق حاصل کرے۔ فرمایا کہ دین نے صرف آزاد عورت کے ہی حقوق نہیں قائم کئے بلکہ یہ کہہ کر لونڈیوں کے بھی حقوق قائم کر دیئے کہ اگر لونڈیوں سے نکاح کرنا چاہتے ہو تو پھر ان کے حق مہر مقرر کرو جس طرح آزاد عورتوں کے حق مہر مقرر ہوتے ہیں تاکہ پاک اور ترقی کرنے والے معاشرے کا قیام ہو۔ اس کامل اور مکمل شریعت نے عورت کو ذلت کی گہرائیوں سے نکال کر اسے وہ مقام دلوایا ہے کہ وہی جو وراثت میں بانٹی جاتی تھی وہ وراثت میں حصہ دار بن گئی۔ یہ ہے معاشرے میں برابری کا مقام جو دین نے مرد اور عورت کو دیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ عورت کی آزادی کا ہر حق قائم کرنے کے لئے ایک ایسا حق دین عورت کو دلواتا ہے جو کئی حقوق کا مجموعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم زبردستی کرتے ہوئے عورتوں کا ورثہ لو اور انہیں اس غرض سے تنگ نہ کرو کہ تم جو کچھ انہیں دے بیٹھے ہو اس میں سے کچھ پھر لے بھاگو سوائے اس کے کہ وہ کھلی کھلی بے حیائی کی مرتکب ہوئی ہوں اور ان سے نیک سلوک کے ساتھ زندگی بسر کرو اور اگر تم انہیں ناپسند کرو تو عین ممکن ہے کہ تم ایک چیز کو ناپسند کرو اور اللہ تعالیٰ اس میں تمہارے لئے بہت بھلائی رکھ دے۔ حضور انور نے اس آیت کے تحت میاں بیوی کے درمیان پیدا ہونے والے عائلی مسائل مثلاً عورت سے ناروا سلوک، ناپسندیدگی، عورت کی جائیداد ہتھیانے، عورت کو اس کے حقوق سے محروم کرنے اور خلع اور طلاق جیسے مسائل کا تفصیل سے تذکرہ فرمایا اور فرمایا کہ اس قسم کے واقعات آجکل بھی ہو رہے ہیں۔ مذکورہ آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں سے بچنے کی طرف مردوں کو توجہ دلا دی ہے تاکہ عورت کے حق قائم رہیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنی بیوی سے نیک سلوک رکھے۔ پھر آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اپنی بیویوں سے سب سے زیادہ نیک سلوک کرنے والا میں ہوں۔ تو دیکھیں مردوں کو آنحضرت ﷺ نے اپنے اسوہ سے عورت کے حقوق قائم کرنے کی طرف مزید توجہ دلوا دی۔

حضور انور نے فرمایا کہ جاہلیت کے اس دور میں عرب عورتوں کے معاملے میں اس قدر سخت تھے کہ عورت کی ذرا سی غلطی پر انہیں مار پیٹ لیتے تھے۔ فرمایا کہ آجکل بھی یہ رواج عام ہو رہا ہے، کئی عورتیں مردوں کے اس سلوک کے بارے میں مجھے لکھتی ہیں۔ آنحضرت ﷺ جو عورتوں کی آزادی اور ان کے حقوق کے سب سے بڑے علمبردار تھے، آپؐ فرماتے ہیں کہ عورتیں خدا تعالیٰ کی لونڈیاں ہیں، تمہاری لونڈیاں نہیں، ان کو مت مارو۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو لوگ اپنی

باقی صفحہ 12 پر

بغیر جدوجہد کے

ایک مستشرق لکھتا ہے۔

قدیم عرب معاشرے میں جہاں عورت کو کوئی حق حاصل نہ تھا یا نہ ہونے کے برابر حق حاصل تھا، اسلام ان کیلئے حقوق لے کر آیا۔ ایک حدیث کہتی ہے "اور تمہاری عورتوں کو تم پر حقوق حاصل ہیں" یہ حقوق بغیر اس کے کہ ان کا مطالبہ کیا گیا تھا الٰہی قوانین کے مکمل حصہ کی صورت میں عطا کئے گئے تھے یعنی یہ کہنا چاہئے کہ اس بات کا کوئی ثبوت نہیں کہ یہ حقوق کی بحالی عرب عورتوں کی کسی جدوجہد کا نتیجہ تھی۔ اسلام میں عورت کو وہ حقوق حاصل ہیں جو مرد کو بھی حاصل نہیں مثال کے طور پر ان کے نان ونفقہ کی ذمہ داری مردوں پر ہے اور یہ حق اس حد تک ناقابل چیلنج ہے کہ کرخت اور جنگی بدوؤں کی طرف سے بھی اس کا احترام کیا گیا ہے۔

(The Concise Encyclopedia of Islam page 476)

احمدی ڈاکٹرز کو وقف کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ یوکے 2008ء کے موقع پر اپنے دوسرے روز کے خطاب میں احمدی سپیشلسٹ ڈاکٹر صاحبان کو مجلس نصرت جہاں کے تحت اپنی خدمات وقف کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

"میں ڈاکٹر صاحبان کو پیغام بھی پہنچانا چاہتا ہوں۔ بلکہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ جو سپیشلسٹ ڈاکٹرز ہیں، ان کی نصرت جہاں کے ہسپتالوں میں ضرورت ہے اور مختلف ممالک سے مطالبہ آتا رہتا ہے اگر امریکہ برطانیہ یا پاکستان، دوسری جگہوں سے ڈاکٹرز اس کام میں شامل ہوں۔ چاہے وہ عارضی وقف کیلئے جائیں، چند دن وقف کریں، ایک ماہ کیلئے یا چند ہفتے کیلئے، اس کا بھی بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ تو اس لحاظ سے بھی سپیشلسٹ ڈاکٹرز جو ہیں وہ اپنے اپنے کوائف اگر بھجوائیں مرکز کو، اس کے مطابق ان کا پروگرام بنایا جاسکتا ہے۔"

ایسے مخلصین سپیشلسٹ جن کو اللہ تعالیٰ حضور انور کے اس ارشاد پر لبیک کہنے کی سعادت عطا فرمائے ان سے درخواست ہے کہ اپنے کوائف درج ذیل ایڈریس پر بھجوا کر ممنون فرمائیں۔

مجلس نصرت جہاں بیت الاظہار، احاطہ دفاتر
صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون: 47-6212967
ای میل: majlis.nusrat.jahan@gmail.com
(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)

اعلان امتحان بسلسلہ خلافت جوبلی

(چوتھی سہ ماہی)

لجنہ اماء اللہ پاکستان کے تحت "خلافت حقہ......" اور "نظام آسمانی کی مخالفت اور اس کا پس منظر" کا امتحان مورخہ 31/اگست 2008ء کو صبح 10:00 تا 12:00 بجے امتحانی مراکز میں ہوگا۔ تمام ممبرات سے اس میں شمولیت کی درخواست ہے۔

(سیکرٹری تعلیم)

عطیہ چشم سے کسی کی زندگی روشن کریں

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 494

کارخانہ قدرت کے ہزاروں اسرار

حضرت مسیح موعود کے قلم مبارک سے معرفت الٰہیہ اور عرفانی سائنس کا لاجواب تعارف:۔

معرفت محبت پر مقدم ہے اور محبت معرفت سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ اسی طرح خداتعالیٰ کی محبت سے پہلے اس کی معرفت ضروری ہے مگر اسی قدر معرفت جو محبت کے لئے ضروری ہے۔ لیکن اس معرفت کو اس جگہ کچھ تعلق نہیں جو ایک ڈاکٹر پیٹ چیر کر یا سر پھوڑ کر حاصل کرتا ہے بلکہ صرف اس قدر معرفت چاہئے جو بیٹے کے لئے اپنے باپ کی شناخت کے لئے ضروری ہے اگر قرآن شریف کو اول سے آخر تک پڑھو تو تمہیں معلوم ہوگا کہ وہ اسی معرفت کو سکھاتا ہے جس سے محبت پیدا ہو اور عشق الٰہی دل میں جوش مارے۔ تم سمجھ سکتے ہو کہ ایک شخص کو کسی پر عاشق بنانے کے لئے صرف اس قدر ضروری ہے کہ یہ بیان کیا جائے کہ وہ حسن میں یکتا ہے۔ وہ خوبصورتی میں بے نظیر ہے اس کی صورت میں ملاحت ہے اس کی آنکھیں دلوں کو اپنی طرف کھینچتی ہیں۔ اس کے لب شیریں ہیں اور اس کی آواز دلکش ہے اور چہرہ اس کا چاند کی طرح چمکتا ہے اور وہ اپنے حسن اور خوبی اور ملاحت میں بے نظیر اور وحدہٗ لاشریک ہے یہ تو ضروری نہ ہوگا کہ آپ اس کی اندرونی بناوٹ اور معدہ اور تلی اور پھیپھڑہ اور گردوں وغیرہ کا کچھ ذکر کریں کہ یہ امور حسن سے بے تعلق ہیں۔ اسی طرح خداتعالیٰ نے جو کچھ اپنی خوبیوں کا قرآن شریف میں ذکر کیا ہے وہ تمام حسن اور محبوبانہ اخلاق کے بیان میں ہے اور اس کے پڑھنے سے صریح معلوم ہوتا ہے کہ وہ پڑھنے والے کو خدا کا عاشق بنانا چاہتا ہے۔ چنانچہ اس نے ہزارہا عاشق بنائے اور میں بھی ان میں سے ایک ناچیز بندہ ہوں۔ کون ہے جو خدا کے اندرونی حالات کی تشریح کرے۔ خدا کے رگ پٹھے پہچاننے والا کونسا ڈاکٹر ہے اور جب کہ انسانی بناوٹ کی اب تک تشریح ختم نہیں ہوئی اور ایسی خوردبین اب تک میسر نہیں آئی کہ وہ کیڑے دکھائی دے جائیں جو انسان کو ایک دم میں ہلاک کر دیتے ہیں تو پھر خدا کے صفات کی تشریح کیونکر ہو سکتی ہے؟ پس یہ جرأت اور بے باکی ہے کہ یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ روح اور ذات خدا کی مخلوق نہیں کیونکہ وہ نیستی سے ہست نہیں کر سکتا اسی وجہ سے وہ دائمی نجات بھی نہیں دے سکتا۔ گویا خدا کی تمام حد بست کر لی گئی ہے اور تمام طاقتیں اس کی انسان نے جانچ لی ہیں اور وہ محدود ہو گیا ہے۔ اے ہم وطن پیارو! یہ باتیں صحیح نہیں ہیں اور میں کبھی تسلیم نہیں کروں گا کہ اگر ایسی عبارت کوئی ویدؔ میں ہے تو وید کا یہی منشاء ہے جو آپ نے سمجھ لیا ہے۔ ہم خدا کی عمیق در عمیق قدرتوں تک کہاں پہنچ سکتے ہیں ہر ایک امر اس کا ہمارے علم سے بلند تر ہے۔ کیا جس نے سورج اور چاند اور ستارے بنائے اور زمین کو ہمارے رہنے کے لئے بچھایا ہم کوئی اندازہ کر سکتے ہیں کہ ان چیزوں کے بنانے کے لئے وہ مدت اس کو درکار تھی جو انسان کو کسی چیز کے بنانے میں درکار ہوتی ہے؟ کیا کوئی بیان کر سکتا ہے کہ ان چیزوں کے لئے کن کن چھکڑوں پر مصالح آیا تھا یعنی اینٹیں وغیرہ۔ اور کن معماروں نے بنایا تھا؟ بلکہ اس کے حکم سے سب چیزیں بن گئیں۔ تو کیا ہم انسان کے کاموں پر اس کے کاموں کا قیاس کر سکتے ہیں؟ جو شخص اس کی قدرتوں پر محیط ہونا چاہتا ہے وہ دراصل اس کا منکر ہے خدا نے ہمیں صرف اتنا علم دیا ہے کہ یہ تمام روحیں اور سب چیزیں خدا کے کلمے ہیں یعنی کلمہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ یہ ایک ربوبیت کا بھید ہے اور اس کے کارخانۂ قدرت میں ہزاروں اسرار ہیں کون ان کو حل کر سکتا ہے۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 431-432)

تخلیق ملائکہ کا آفاقی فلسفہ

حضرت اقدس مسیح موعود کا یہ بھی عظیم الشان کارنامہ ہے کہ آپ نے دہریت کے فلسفہ کی دھجیاں بکھیر دیں اور اپنی چشمدید شہادتوں کی بنا پر فرشتوں کی پیدائش کے پس منظر پر بصیرت افروز روشنی ڈالتے ہوئے تحریر فرمایا:۔

”یاد رہے کہ اگر انسان اپنے جھوٹے فلسفہ اور منطق کا شیفتہ ہو کر خداتعالیٰ کی ہستی اور صفات کی نسبت اس طرز سے تحقیقات کرنا چاہے جس طرز سے مخلوقات کے وجود کی تحقیقات کی جاتی ہے تو پھر وہ اس گرداب سے ہرگز سلامت نہیں نکلے گا بلکہ کسی مرحلہ پر جا کر ضرور ہلاک ہوگا۔ مثلاً وہ سوچے گا کہ خدا نے یہ بنایا اور یہ بنایا تو اس کے دل میں سوال پیدا ہوگا کہ خدا کو کس نے بنایا اور ایسا ہی اس کے دل میں گمراہ کرنے والے بہت سے سوال پیدا ہوں گے۔ مثلاً یہ کہ وہ کہاں ہے اور کیوں دکھائی نہیں دیتا اور ان سوالوں کے بیچ میں آ کر اس کا ایمان ایسا پیسا جائے گا جیسا کہ چکی میں پڑ کر دانہ پیسا جاتا ہے۔ بلکہ جاننا چاہئے کہ خداتعالیٰ کی معرفت اور شناخت کی یہ طرز نہیں ہے جس طرز کو دوسری قوموں نے اختیار کیا ہے اور اس بے جا دخل کا ہمیشہ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ یا تو ایسے لوگ آخر کار دہریہ بن گئے ہیں۔ کیونکہ خدا کے وجود اور اس کی صفات کی عقلی طور پر تشریح معلوم کرنے کے لئے جن باتوں پر انہوں نے بھروسہ کیا تھا وہ باتیں ان کے دلوں کو کامل تسلی نہ دے سکیں آخر اپنے دلائل کو ناکافی سمجھ کر خدا کے وجود سے ہی منکر ہو گئے۔“

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 ص 434)

اس ضمن میں حضرت اقدس نے تحریر فرمایا

”جس طرح خدا کی ذات انسان کے علم اور فہم سے برتر ہے۔ اسی طرح خداتعالیٰ کے افعال بھی انسان کے علم اور فہم سے برتر ہیں اور خدا نے قرآن شریف میں زبردست نشانوں کے ساتھ اپنی ذات اور صفات کو ثابت کیا ہے اور انسانی عقل کو وہ تکلیف نہیں دی جس کے وہ لائق نہیں۔ ہاں اپنی بعض ایسی مخلوقات کا بھی ذکر کیا ہے کہ یہ معمولی عقل ان کے وجود کو سمجھ نہیں سکتی جیسے فرشتے جو پوشیدہ طور پر خدا نے بعض بعض خدمات کے لئے مقرر کئے ہیں۔ مثلاً جیسا کہ وحی اور الہام کے پہچاننے کے لئے۔ ایک نادان کہے گا کہ جب کہ خدا قادر مطلق ہے تو پھر فرشتوں کے بنانے کے لئے کیا ضرورت پیش آئی؟ اس کا اسی قدر جواب کافی ہے کہ اسی طرح ضرورت پیش آئی جیسا کہ باوجود خدا کے قادر ہونے کے کانوں تک آواز پہنچانے کے لئے ہوا کی ضرورت پیش آئی اور آنکھوں کو راہ دکھانے کے لئے سورج کی ضرورت پیش آئی۔ اصل بات یہ ہے کہ جیسا کہ نظام جسمانی میں خدا نے بعض چیزوں کی تکمیل کے لئے بعض اسباب رکھے ہیں اسی طرح نظام روحانی میں بھی وہ اسباب ہیں تا دونوں نظام باہم مطابق ہو کر ایک خدا پر دلالت کریں۔“

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 ص 434-435)

غزل

محفل میں ان کی بات چلائیں کہاں سے ہم
لفظوں کے پھول لائیں تو کس گلستاں سے ہم

فصلِ بہار آئی جنوں تیز تر ہوا
آرام پا سکے نہ کوئی آشیاں سے ہم

اک بار کیا جلے یہ نشیمن ہزار بار
شکوہ کبھی کریں گے نہ برقِ تپاں سے ہم

زیبا نہیں بشر کو زر و مال ہی سے پیار
جائیں گے خالی ہاتھ ہی بزمِ جہاں سے ہم

دل پر وہ رب عرش بریں نور بار ہے
بیزار جب سے ہو گئے عشقِ بتاں سے ہم

وہ جانِ جاں ہے دردِ محبت کا قدر داں
اس کو منا ہی لیتے ہیں آہ و فغاں سے ہم

شبّیر ہم نے درد کو دل میں بسا لیا
مانوس ہو گئے ہیں اب دردِ نہاں سے ہم

چوہدری شبیر احمد صاحب

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جلیل القدر صحابی، قریبی ساتھی اور پہلے خلیفہ راشد

سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

(قسط اول)

حلیہ و نام و نسب

قد لمبا، گورا رنگ، چہرہ دبلا، خفیف جسم، آنکھیں دھنسی ہوئی اور پیشانی ابھری ہوئی۔ آپ کا نام عبداللہ اور والد کا نام عثمان بن عامر تھا۔ شجرہ نسب آٹھویں پشت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملتا ہے والدہ کا نام سلمہ بنت صخر بن عامر تھا اور کنیت ام الخیر مشہور تھی۔ والد کی کنیت ابوقحافہ تھی۔ بعض روایات میں زمانہ جاہلیت میں آپ کا نام عبدالکعبہ بھی آیا ہے۔ آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو سال بعد پیدا ہوئے۔ آپ کا خطاب عتیق تھا جس کے معنی آزاد کے ہیں اس کی وجہ تسمیہ آگ سے آزاد بیان کی جاتی ہے۔

(الاصابہ فی تمیز الصحابہ جز 4 صفحہ 102۔ دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان)

اسی طرح صدیق بھی آپ کا لقب ہے جو آنحضرتؐ کی بلاتردّد تصدیق کرنے پر آپ کو نصیب ہوا۔

ابتدائی حالات

آپ قبیلہ تیم بن مرہ بن کعب سے تعلق رکھتے تھے۔ عرب کے مختلف قبائل میں مختلف کام تقسیم تھے۔ اس قبیلہ کا کام خون بہا اور دیتیں جمع کرنا تھا۔ حضرت ابوبکرؓ اپنے قبیلہ میں یہ اہم کام سرانجام دیتے اور خون بہا کی رقوم جمع کرنے کے علاوہ فیصلہ وغیرہ کرنے کی ذمہ داری بھی آپ پر تھی۔

عرب کے رواج کے مطابق آپ نے بھی تجارت کا پیشہ اختیار کیا۔ آپ کپڑے کی تجارت کیا کرتے تھے۔ اعلیٰ اخلاق کے مالک اور ایماندار تاجر تھے۔ آپ نے جاہلیت کے زمانہ میں بھی جبکہ شراب عربوں میں پانی کی طرح استعمال ہوتی تھی، کبھی شراب نہ پی۔ علم انساب کے بڑے ماہر تھے۔

(سیرت النبویہ ابن ہشام جلد 1 صفحہ 288۔ دارالمعرفہ بیروت لبنان)

رسولؐ اللہ سے تعلق اور قبول اسلام

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خدیجہؓ سے شادی کے بعد آپ کے محلّہ میں سکونت پذیر ہوئے۔ اس دوران آپ کا دوستانہ حضرت ابوبکرؓ سے ہوا اور تقریباً ایک ہی قسم کی عادات نیک خیالات اور پاک و صاف دل رکھنے کے باعث یہ دوستی اور بھی گہری ہوتی گئی۔ یہاں تک کہ آنحضرتؐ نے دعویٰ نبوت فرمایا۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ ان دنوں باہر سفر پر تھے۔ جب واپس مکہ پہنچے تو آنحضرتؐ کے دعویٰ نبوت کی خبر ہوئی۔ آپ فوراً رسولؐ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دعویٰ کے بارے میں استفسار کیا۔ آنحضرتؐ نے دلائل سے سمجھانا چاہا تو آپ نے فرمایا مجھے صرف یہ بتا دیں کہ آپ نے دعویٰ فرمایا ہے یا نہیں؟ اس پر آپ نے اثبات میں جواب دیا اور حضرت ابوبکرؓ نے فوراً بیعت کر لی۔ مولانا روم کیا خوب فرماتے ہیں:۔

لیک آں صدیق حق معجز نخواست
گفت ایں روخود نہ گوید غیر راست

یعنی حضرت ابوبکرؓ نے کوئی معجزہ آپ کی صداقت پر طلب نہ کیا اور یہ دیکھ کر بیعت کر لی کہ یہ چہرہ جھوٹے کا چہرہ نہیں۔

ابن عبدالبّر لکھتے ہیں کہ آپ مردوں میں سے سب سے پہلے اسلام لانے والے ہیں اور آپ کی چار پشتوں کو صحابہ رسولؐ ہونے کا شرف حاصل ہے۔

(استیعاب جلد 1 صفحہ 341۔ مطبوعہ مصر)

تبلیغ اسلام

اسلام لانے کے بعد حضرت ابوبکرؓ ہمہ تن اسلام کی تبلیغ میں اور دوسرے دینی کاموں میں مصروف ہوگئے۔ چنانچہ آپ کی تبلیغی کاوش کے نتیجہ میں مکہ کے مایہ ناز فرزند اسلام کی گود میں آ گئے۔ جن میں حضرت عثمانؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت زبیر بن العوامؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ شامل ہیں۔ یہ سب کبار صحابہ اور عشرہ مبشرہ میں شمار ہوئے۔

دیگر خدمات

مسلمان ہونے کے بعد آپ نے جب مسلمان غلاموں کو ظلم وستم کا نشانہ بنتے ہوئے دیکھا تو ان کو خرید کر آزاد کرا دیا۔ ان آزاد ہونے والے غلاموں میں حضرت بلالؓ، عامر بن فہیرہ، نذیریہ، نہدیہ اور جاریہ بن نوفل ہیں۔ ان کے علاوہ بھی حضرت ابوبکرؓ نے بیسیوں غلاموں کو خرید کر آزاد کروایا اور اپنے مال کو بے دریغ خدا کی راہ میں خرچ کیا۔

(الاصابه فی تمییز الصحابه جز 4صفحه102. بیروت لبنان)

شوق عبادت اور محبت رسولؐ

آپ کا ابتدائے اسلام کا واقعہ ہے۔ ابھی مسلمان چالیس افراد سے بھی کم تھے کہ آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑے اصرار کے ساتھ خانہ کعبہ میں اعلانیہ عبادت کرنے کی درخواست کی اور مجبور کر کے خانہ کعبہ لے گئے۔ کفار نے خانہ کعبہ میں عبادت کرتے دیکھ کر حضرت ابوبکرؓ کو خوب پیٹا۔ یہاں تک کہ آپ کو اٹھا کر گھر پہنچایا گیا۔ جب ذرا آرام آیا تو پوچھنے لگے۔ میرے آقا کا کیا حال ہے؟ رسولؐ اللہ کو تو کوئی تکلیف نہیں پہنچی؟

بیعت کے بعد آپ کے پائے ثبات میں ذرہ بھر بھی لغزش نہ آئی اور آپ دین کی اشاعت اور آنحضرتؐ کی حفاظت کے لئے آپ کے آگے پیچھے کمربستہ رہے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر اپنی جان کی بھی پرواہ نہیں کی۔

ایک دفعہ ایک کافر نے ایک کپڑا آنحضرتؐ کے گلے میں ڈال کر بل دینے شروع کئے۔ یہاں تک کہ آپؐ کا دم گھٹنے لگا۔ حضرت ابوبکرؓ تشریف لائے۔ آپؐ کو چھڑایا اور کہا کیا تم ایک شخص کو اس لئے قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔

(بخاری کتاب التفسیر)

روایات میں ہے کہ جب مکہ میں تکالیف انتہا تک پہنچ گئیں تو آپ کو دربارِ نبویؐ سے ہجرت حبشہ کی اجازت مرحمت فرمائی گئی۔ ابھی آپ مکہ سے باہر ہی نکلے تھے کہ ایک کافر ابن الدغنہ سے ملاقات ہوئی۔ اسے سارا قصہ سنایا۔ اس نے کہا کہ آپ تو دوسروں کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔ غریبوں کی مدد کرتے ہیں۔ ایسا نافع انسان ہم مکہ سے کیسے جانے دیں۔ یہ کہہ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کو امان دے کر واپس لایا۔ لیکن حضرت ابوبکرؓ صبح کے وقت قرآن شریف کی تلاوت بڑے دردو سوز اور خوش الحانی سے کرتے تو بچے بوڑھے سب جمع ہو جاتے۔ جب اہل مکہ نے پُرتاثیر کلام کا اثر دیکھا تو ابن الدغنہ کے واسطہ سے آپ کو بلند آواز سے روکنا چاہا۔ آپ نے انکار فرمایا اور کہا کہ ابن الدغنہ تم اپنی امان واپس لے لو میں قرآن کریم بلند آواز سے ہی پڑھوں گا اور پھر ایسا ہی کیا۔ (بخاری باب هجرة النبیؐ)

ہجرت مدینہ اور مدینہ کے حالات

حضرت ابوبکرؓ ہجرت حبشہ نہ کر سکے تو دوبارہ آنحضرتؐ سے مدینہ ہجرت کی اجازت طلب کی۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا:

ابوبکر انتظار کرو، شاید اللہ تمہارا کوئی اور ساتھی پیدا کر دے۔

چنانچہ چند دنوں کے بعد جب آنحضرتؐ کے قتل کا مشورہ کفار مکہ نے دارالندوہ میں کیا تو آپؐ کو ہجرت کی اجازت مل گئی۔ آپؐ فوراً تشریف لے گئے اور فرمایا کہ ہجرت کی اجازت مل گئی ہے۔ حضرت ابوبکرؓ پہلے ہی تیار تھے۔ فوراً بولے کہ اے اللہ کے رسولؐ مجھے بھی ہمراہ لے چلیں۔ آپ کی بیٹی اسماء کہتی ہیں کہ ابوبکرؓ نے ہجرت کے لئے کچھ رقم بچا کر رکھی ہوئی تھی۔ باقی راہِ خدا میں خرچ کر چکے تھے وہ ساتھ لے گئے۔ ہجرت مدینہ کے مبارک سفر میں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جس وفاداری اور جانثاری کا نمونہ دکھایا وہ اظہر من الشّمس ہے۔ اپنی دو اونٹنیوں میں سے ایک اونٹنی آنحضرتؐ کی خدمت میں بلا معاوضہ پیش کر دی۔ لیکن آپؐ نے قیمتاً قبول فرمائی۔ نیز بعض روایات کے مطابق پانچ ہزار درہم بطور زادِ راہ کے ساتھ لئے۔ پھر غار ثور میں رسول خدا کی مصاحبت فرمائی جس کا ذکر خود اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ میں فرمایا:۔

ثانی اثنین اذهمافی الغار

(بخاری باب ھجرۃ النبیؐ)

سفر ہجرت میں راستے میں تاجدار عرب کا یہ بیکس سپاہی آپ کی حفاظت کی خاطر کبھی آگے آتا تو کبھی پیچھے کبھی دائیں تو کبھی بائیں اور اس طور پر آپ یثرب پہنچے۔

(سیرۃ الحلبیہ ہجرۃ النبیؐ)

خانگی حالات

ہجرت کے تھوڑے ہی عرصہ بعد جب رسولؐ نے انصار و مہاجرین میں مؤاخات قائم فرمائی تو صدیق اکبر کے بھائی خارجہ بن زید انصاری ٹھہرے اور آپ نے مدینہ کے مضافات میں سنح میں ان کے ساتھ قیام فرمایا اور مراسم بڑھے تو خارجہ کی لڑکی حبیبہ سے آپ نے شادی کی جن کے بطن سے اُمّ کلثوم ہوئیں۔ ادھر آپ کا دوسرا کنبہ جس میں حضرت عائشہ اور ام رومان شامل تھیں ابوایوب انصاری کے گھر ٹھہرا ہوا تھا۔ آپ نے ان کی خدمت میں بھی کوتاہی نہ برتی بلکہ باقاعدہ مدینہ ان کی خبر گیری کو جایا کرتے۔ اس کے بعد مدینہ میں آپ آنحضرتؐ کے دائیں بازو کے طور پر کام کرتے رہے۔ آپ آنحضورؐ کے مشیر خاص تھے نیز اس اثناء میں تبلیغ دین اور نشرواشاعت دین میں پوری ہمت اور کوشش سے کام کیا۔

امارت و امامت ابوبکرؓ

فتح مکہ کے اگلے سال 9 ہجری میں رسول خدا بیرونی وفود کی مدینہ میں آمد اور دیگر اہم امور کے پیش نظر حج بیت اللہ کے لئے مکہ نہ جا سکے لیکن حضرت ابوبکرؓ کو امیر الحج مقرر فرمایا اور مسلمانوں کے کثیر التعداد گروہ کے ساتھ روانہ فرمایا۔ مسلمانان عالم کا یہ پہلا آزادانہ

حج تھا جس کی قیادت حضرت ابوبکر صدیقؓ رسول اللہؐ کی نیابت میں فرما رہے تھے۔
(الطبقات الکبریٰ جلد 3 صفحہ 174۔ دار صادر بیروت)

حجۃ الوداع کے اگلے سال دس ہجری میں رسول اللہؐ بیمار ہوئے اور مسجد میں نماز پڑھانے تشریف نہ لا سکے تو نماز پڑھانے کے لئے امامت کی سعادت صدیق اکبرؓ کے حصہ میں آئی۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ نے جب حضرت ابوبکرؓ کو امامت کا ارشاد فرمایا تو میں نے عرض کی کہ حضور وہ رقیق القلب ہیں۔ حضرت عمرؓ کو ارشاد فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا ”ابوبکر کو کہو کہ نماز پڑھائیں“۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں پھر میں نے حضرت حفصہؓ زوجہ رسولؐ اللہ کی وساطت سے یہی بات رسولؐ اللہ کو کہلوائی۔ آپؐ نے پھر وہی جواب دیا۔ حضرت حفصہؓ نے دوبارہ عرض کی تو فرمایا ”تم وہی عورتیں ہو جنہوں نے یوسفؑ کو پھسلانے کی کوشش کی تھی۔ ابوبکرؓ کو کہو کہ نماز پڑھائیں“۔ ایک دفعہ خود رسولؐ اللہ نے حضرت ابوبکرؓ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔
(بخاری کتاب المغازی)

حضرت ابوبکرؓ کی غیر موجودگی میں ایک دفعہ حضرت بلالؓ نے حضرت عمرؓ کو نماز پڑھانے کے لئے کہا۔ جب حجرہ میں رسولؐ اللہ کو حضرت عمرؓ کی آواز پہنچی تو فرمایا ابوبکرؓ کہاں ہے۔ اللہ اور مسلمان یہ بات پسند کرتے ہیں کہ ابوبکرؓ نماز پڑھائیں۔

دراصل ان ارشادات میں حضرت ابوبکرؓ کی امامت اور خلافت کی طرف اشارہ تھا جو آپ کو عطاء ہونے والی تھی۔

وفات رسول اور قیام خلافت راشدہ

آنحضرتؐ کی وفات پر جب صحابہ مارے غم کے دیوانے ہو گئے اور ہزاروں بادیہ نشین مرتد ہو گئے اور ایک عجیب خوف و ہراس کی کیفیت پیدا ہو گئی جب حضرت عمرؓ جیسے جلیل القدر صحابی بھی اس غلط فہمی کا شکار ہو گئے کہ رسولؐ اللہ فوت نہیں ہوئے اور تلوار لے کر اعلان کرنے لگے کہ جو کہے گا کہ رسولؐ اللہ فوت ہو گئے ہیں اس کی گردن اتار دوں گا۔ معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ اس اچانک صدمہ کے لئے تیار نہیں تھے اس موقعہ پر حضرت ابوبکرؓ کو خدا تعالیٰ نے کھڑا کیا اور آپ استحکام خلافت کا باعث بنے۔ وہ قیادت جس کی صلاحیت آپ کے وجود میں مخفی تھی حالات کے تقاضا پر باذن الٰہی سامنے آئی اور آپ آنحضرتؐ اور اسلام کی حمایت میں آگے بڑھے حضرت عمرؓ جو اس وقت تلوار لے کر کھڑے ہوئے تھے ان کو آپ نے فرمایا ”اے قسمیں اٹھا کر تقریر کرنے والے ٹھہر اور بیٹھ جاؤ“۔ پھر صحابہ سے یوں مخاطب ہوئے۔

کہ تم میں سے جو اللہ کی عبادت کرتا تھا وہ یاد رکھے کہ خدا تو زندہ ہے اس پر کبھی موت نہ آئے گی اور اگر تم محمدؐ کی عبادت کرتے تھے تو پھر یاد رکھو کہ وہ تو فوت ہو چکے ہیں پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔

کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور آپ سے پہلے سب رسول فوت ہو چکے ہیں۔ (آل عمران)

حضرت عمرؓ کو جب اس حقیقت کا ادراک ہوا تو وہ کھڑے نہ رہ سکے اور نڈھال ہو کر بیٹھ رہے۔ پھر تو مدینہ کے ہر شخص کی زبان پر یہ آیت تھی اور وہ رسول اللہؐ سے پہلے عام انبیاء کی وفات کو یاد کر کر کے آپؐ کی وفات کو تسلیم کرنے کا حوصلہ پا رہا تھا۔
(بخاری کتاب المغازی)

الغرض یہ موقع بہت ہی ہولناک تھا حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ ہماری زندگیوں میں جتنے مواقع آئے ان میں اس سے زیادہ خطرناک موقع میں نے نہیں دیکھا۔ پہلی دفعہ اللہ تعالیٰ کا وہ وعدہ خلافت پورا ہونے جا رہا تھا اور پہلے ایسا تجربہ موجود نہیں تھا کہ کون خلیفہ مقرر ہو یا کیسے انتخاب ہو جب حضرت ابوبکرؓ نے وفات رسول کا اعلان کیا ہے تو صحابہ صدمہ سے ایسے نڈھال ہوئے کہ مسجد نبوی میں ایک آہ و بکا تھی اور بس! لوگوں کو کچھ سمجھ نہ آتی تھی کہ کیا کریں اس دوران انصار مدینہ اپنے سردار سعد بن عبادہ کے پاس اس کے ڈیرہ سقیفہ بنو ساعدہ میں اکٹھے ہوئے ادھر مہاجرین میں سے بزرگ صحابہ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ اکٹھے ہوئے اور سوچنے لگے کہ اسلام کے اوپر بڑا خطرناک وقت ہے کیا کیا جائے۔

حضرت عمرؓ نے یہ واقعہ اس طرح بیان کیا ہے۔ کہ اس وقت صدمہ سے نڈھال انصار اپنے سردار کے پاس جا کر اکٹھے ہو گئے۔ ہم مہاجرین حضرت ابوبکرؓ کے پاس اکٹھے ہو گئے۔ ادھر حضرت علیؓ اور حضرت زبیرؓ اور اہل بیت کے افراد آنحضورؐ کے گھر میں تجہیز و تکفین کے کاموں میں مصروف تھے۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے کہا اے ابوبکر آیئے ہم انصار کے پاس چلیں۔ راستے میں دو بزرگ انصار ملے انہوں نے پوچھا کہاں جاتے ہو؟ ہم نے کہا اپنے انصار بھائیوں کے پاس جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہرگز ان کے پاس نہ جاؤ یہ انصاری اپنی قوم کے لوگوں کے صدمہ کی کیفیت کے باعث مہاجرین کا وہاں جانا بھی مناسب نہیں سمجھ رہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ وہ لوگ کسی اور طرف مائل ہو چکے ہیں تم اپنا کوئی الگ فیصلہ کر لو۔ وہاں جانا خطرناک ہے۔ حضرت عمرؓ کہنے لگے خدا کی قسم ہم تو وہاں ضرور جائیں گے جب ہم سقیفہ بنو ساعدہ پہنچے تو کیا دیکھا کہ ایک شخص کمبل اوڑھ کر بیٹھا ہے پوچھا یہ کون ہے بولے سعد بن عبادہ ہے۔ اسے کیا ہوا ہے بولے بخار ہے گویا اس بخار کی کیفیت میں بھی سعد بن عبادہ کو امیر بنانے کے لئے وہاں لایا گیا تھا۔ جب ہم وہاں بیٹھے تو انصار کا خطیب کھڑا ہوا اس نے اپنی تقریر میں کہا۔

ہم اللہ کے انصار اور اس کا لشکر ہیں اور انصار کے مناقب بیان کئے اور آپ مہاجرین کی جماعت ہو اور تمہاری قوم کے چند بدو چاہتے ہیں کہ ہمارا استیصال کریں اور حکومت سے ہمیں محروم کر دیں۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں جب وہ خاموش ہوا تو میں نے اس کا جواب دینا چاہا اور میں نے اس موقع کیلئے ایک بہت خوبصورت نقشہ اپنے ذہن میں تقریر کا سجایا ہوا تھا کہ یہ باتیں بیان کرنی ہیں لیکن حضرت ابوبکرؓ نے مجھے بات کرنے سے روک دیا۔ میں نے پسند نہ کیا کہ انہیں ناراض کروں کیونکہ مجھے حضرت ابوبکرؓ کا بہت لحاظ تھا۔ اور وہ مجھ سے کہیں زیادہ بردبار اور زیادہ باوقار تھے اور ان کا اس موقع پر گفتگو کرنا بہت ہی موزوں اور مناسب ثابت ہوا کیونکہ میں نے سوچ سمجھ کے جو مضمون بنا رکھا تھا حضرت ابوبکرؓ نے فی البدیہہ اس سے بھی شاندار ایسی تقریر کی کہ مجمع پر ایک سکوت طاری ہو گیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے اپنی تقریر کا آغاز اس طرح کیا کہ اے انصار آپ نے اپنے جو فضائل و مناقب بیان کئے ہمیں تسلیم ہیں مگر امر واقعہ یہ ہے کہ آنحضرتؐ کے ساتھ تعلق کی وجہ سے بھی اور دینی و دنیوی وجاہت میں بھی قریش کا عرب میں اپنا ایک مقام ہے۔ اس وقت حضرت ابوبکرؓ کے دائیں حضرت عمرؓ اور بائیں حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ تھے۔ ہمارے ہاتھ پکڑ کر انہوں نے کہا کہ ان دونوں میں سے جس کی چاہو بیعت کر لو میں اس کے لئے تیار ہوں۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ اس آخری فقرہ کے علاوہ جو مجھے ناگوار ہوا باقی تقریر انتہائی اعلیٰ درجہ کی تھی۔ خدا کی قسم! اگر مجھے اختیار ہوتا کہ میری گردن کاٹ دی جائے گی یا مجھے ایسے لوگوں کا امیر بنایا جائے گا جس میں حضرت ابوبکرؓ موجود ہیں تو میں اپنی گردن کٹوا دوں لیکن ایسے لوگوں کا امیر بننا گوارا نہ کروں جن میں حضرت ابوبکرؓ جیسا عظیم الشان انسان موجود ہو۔ جو خود امارت و امامت کے لائق ہے پھر انصار میں سے بعض لوگوں نے سوال اٹھایا اور کہا کہ ہماری اپنی رائے ہے اور اس میں تم کو اعتراض کیا ہے کہ ہمارا امیر الگ ہو اور تمہارا امیر الگ ہو جائے اور ایک شور پڑ گیا اور مجھے اختلاف وانتشار کا سخت خوف لاحق ہوا۔
(بخاری کتاب الحدود)

اس موقع پر حضرت عمرؓ نے انصار کے نیک جذبات کو بہت خوبصورت انداز میں ابھارا کہ تمہیں معلوم ہے کہ آنحضرتؐ نے آخری بیماری میں امام کسے مقرر کیا تم سے کون گوارا کرے گا کہ وہ حضرت ابوبکرؓ سے آگے بڑھ کر امامت کرائے۔ انصار میں خدا ترسی تھی انہوں نے کہا۔

ہم اس بات سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں کہ ابوبکر سے آگے بڑھیں۔
(ازالۃ الخفاء فی خلافۃ الخلفاء ص 240 اردو ترجمہ)

اس پر حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکرؓ سے عرض کیا آپ ہاتھ بڑھائیں اور ہماری بیعت لیں چنانچہ پہلے حضرت عمرؓ اور مہاجرین نے بیعت کی پھر انصار نے بھی بیعت کر لی۔

کارنامے اور فتوحات

حضرت ابوبکرؓ نے خلیفہ بنتے ہی باغیوں اور منکرین زکوٰۃ سے جنگ کی اور فرمایا کہ جب تک میں اس شخص سے جو آنحضرتؐ کے زمانہ میں خواہ اونٹ کی نکیل زکوٰۃ دیتا تھا حاصل نہ کر لوں تو میں اس سے جنگ کروں گا اور زکوٰۃ وصول کروں گا۔
(بخاری کتاب الزکوٰۃ)

چنانچہ آپ کی یہ کوشش بار آور ہوئی اور سارا عرب ایک بار پھر زکوٰۃ ادا کرنے لگا۔ دوسرے مرتدین کے زبردست فتنہ کا انسداد آپ کا بڑا کارنامہ ہے۔ متعدد نومسلم قبائل نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بغاوت وارتداد کا اعلان کر دیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے ان سے جنگ کی اور ان کا قلع قمع کیا نیز ان خطرناک حالات میں رسول اللہؐ کے ارشاد کے مطابق اسامہؓ کی سرکردگی میں لشکر بھی روانہ فرمایا اس کے علاوہ جمع قرآن کے عظیم الشان کام کا سہرا آپ ہی کے سر ہے۔
(بخاری کتاب فضائل القرآن)

شیرازہ بندی

الغرض خلافت راشدہ کا وعدہ پورا ہوا اور خلافت اولیٰ قائم ہو گئی۔ لیکن خلافت کے بتدریج استحکام میں وقت بھی تو لگتا ہے۔ چنانچہ حضرت ابوبکرؓ نے پہلا نہایت پر حکمت قدم یہ اٹھایا کہ قوم کی شیرازہ بندی کی۔ اہل بیت جو مشورہ میں شامل نہیں تھے۔ ان کے بارہ میں یہ بات واضح ہونی چاہیے تھی کہ وہ دل سے خلافت کے وفادار اور مطیع ہیں ان میں حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، اور حضرت زبیرؓ قابل ذکر تھے۔ حضرت ابوبکرؓ نے مسجد نبوی میں لوگوں کو اکٹھا کیا جب لوگ جمع ہو گئے تو پوچھا کہ حضرت علیؓ موجود ہیں وہ نہیں تھے ان کو بلوایا گیا پھر پوچھا زبیرؓ ہیں وہ بھی نہیں تھے انہیں بھی بلوایا گیا پھر حضرت ابوبکرؓ نے نہایت اثر انگیز خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

خدا کی قسم! مجھے کبھی بھی خلافت کے لئے خواہش یا رغبت پیدا نہیں ہوئی۔ نہ ہی کبھی میں نے پوشیدہ یا اعلانیہ اس کا مطالبہ کیا۔ ہاں فتنہ سے ڈرتے ہوئے میں نے اسے قبول کر لیا ہے مگر یہ ایک بہت بڑا بوجھ ہے جس کی مجھے طاقت نہیں پھر بھی میں نے اٹھا لیا ہے۔ اب سوائے اس کے کہ اللہ مجھے طاقت دے مجھ میں تو اس کی ہمت نہیں اور میں تو اب بھی چاہتا ہوں کہ تم میں سے اگر کوئی اور طاقتور اور ہمت والا ہے جو اس بوجھ کو اٹھا سکتا ہے اٹھالے۔

یہ بہت ہی اثر انگیز خطاب تھا آخر میں آپ نے حضرت علیؓ کو مخاطب کر کے فرمایا اے علیؓ! داماد رسول! کیا آپ پسند کرو گے کہ مسلمانوں کی قوت پراگندہ ہو حضرت زبیرؓ سے بھی حضرت ابوبکرؓ نے یہی سوال کیا تو ان دونوں نے کہا کہ ہمارے دل میں صرف اتنی بات تھی کہ جب یہ مشورہ ہوا تو ہمیں اس میں شریک نہیں کیا گیا ورنہ ہماری بھی یہی رائے تھی اور ہے۔ کہ

حضرت ابوبکرؓ ہی اس خلافت کے زیادہ اہل اور مستحق ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے انہیں اپنی زندگی میں امام بنایا اور وہ غار ثور میں رسول اللہؐ کے ساتھی تھے اور قرآن میں انہیں ''دو میں سے دوسرے'' کہہ کر یاد کیا گیا ہے اور پھر ان دونوں نے اعلانیہ بیعت کر لی۔

(ازالہ الخفاء ص276)

دراصل حضرت علیؓ وفات رسول اللہؐ کے بعد جو کچھ عرصہ تک گھر سے باہر نہیں نکلے ہیں اس کی وضاحت انہوں نے خود یہ کی کہ اس عرصہ میں میں نے چاہا کہ قرآن کریم جمع کروں چنانچہ سوائے نمازوں کے وہ باہر عام لوگوں میں گھلے ملے نہیں۔ حضرت فاطمہ کی بیماری بھی اس میں آڑے آئی۔

ارتداد و بغاوت و مدعیان نبوت

ایک تیسرا خطرہ جو اس وقت پیدا ہوا وہ ارتداد وبغاوت کا فتنہ تھا۔ عرب کے مختلف علاقوں میں کئی بادیہ نشین مرتد ہو کر زکوٰۃ سے منکر ہو گئے۔ چوتھا خطرہ یہ کہ بعض لوگوں نے نبوت کے دعوے کر کے بغاوت کر دی۔ یمامہ کے مسیلمہ کذاب نے رسول اللہؐ کی زندگی ہی میں نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا، ایک عورت سجاح نے بھی دعویٰ کر کے مسیلمہ سے شادی رچائی۔ کئی اور مدعیان نبوت بھی پیدا ہو گئے اور انہوں نے مرتدین وغیرہ کو اپنے ساتھ ملا کر بغاوت کر دی۔ یہ تھا اس وقت کے عرب کا نقشہ کہ ایک طرف مرتدین ہیں، دوسری طرف مدعیان نبوت، تیسری طرف منکرین زکوٰۃ اور مدینہ محض اسلام کا ایک جزیرہ بن کر رہ گیا۔ ایسے میں اسلام کو بچانا مسلمانوں کی حفاظت کرنا اور خلافت کو استحکام عطا کرنا یہ حضرت ابوبکرؓ کا ایک عظیم الشان کارنامہ ہے۔ چنانچہ مورخ علامہ ابن خلدون نے اس دور کی طوائف الملو کی کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ'' رسول اللہؐ کی وفات کے بعد تمام عرب مرتد ہو گیا۔ بعض قبیلے سارے کے سارے اور بعض جزوی حالت میں۔ نبی کریمؐ کی وفات کے بعد مسلمانوں کی حالت تعداد کی کمی اور دشمن کی کثرت کے باعث بکریوں کے اس ریوڑ جیسی ہو گئی جو برسات کی اندھیری رات میں بغیر چرواہے کے رہ جائے'' عرب کے خاص و عام مرتد ہو کر طلیحہ اسدی مدعی نبوت کے ساتھ مل گئے قبیلہ طے اور اسد اور غطفان بھی مرتد ہو گئے''۔ پھر لکھا ہے:۔ قبیلہ ہوازن نے زکوٰۃ روک لی۔ قبیلہ بنو سلیم کے خواص نے ارتداد کا اعلان کر دیا اور قریباً ہر جگہ سب لوگوں نے یہی کیا اور ہذیل، بنو تغلب اور دیگر کئی قبائل نے سجاح کی پیروی کی اور ان تمام گروہوں نے مل کر مدینہ پر حملہ کا ارادہ کیا۔

(ابن خلدون جز2 ص60 تا65)

ابن اثیر نے لکھا ہے کہ رسول اللہؐ کی وفات کی خبر جب مکے پہنچی تو مکہ کا حاکم عتاب خوف کے مارے چھپ گیا اور مکہ لرز اٹھا قریب تھا کہ سارے کا سارا شہر مرتد ہو جاتا۔

(ابن اثیر جلد1 ص134)

باقی علاقے میں یہودی اور نصرانی تھے ان کو کھل کھیلنے کا ایک اور موقع مل گیا حضرت عبداللہؓ بن مسعود اس صورتحال کا نقشہ یوں بیان کرتے تھے کہ رسول اللہؐ کی وفات کے بعد ہماری ایسی حالت ہو گئی کہ قریب تھا ہم تباہ و برباد ہو جاتے اگر اللہ تعالیٰ حضرت ابوبکرؓ کے ذریعہ ہم پر احسان نہ فرماتا۔ عین اس وقت جبکہ مرکز اسلام معاندین اور دشمنوں کے اندر گھرا ہوا تھا ایک اور بہت بڑا امتحان درپیش آیا آنحضورؐ نے اپنی زندگی میں شامی سرحد سے فوج کشی کے خطرہ سے بچنے کیلئے ایک لشکر حضرت اسامہؓ کی سرکردگی میں تیار کیا تھا جس میں حضرت عمر اور دیگر بزرگ صحابہ بھی شامل تھے صحابہ نے عرض کیا اے امیر المومنین اس وقت تمام عرب پراگندہ ہو چکا ہے، کئی قبائل مرتد ہو گئے، نبوت کے دعویداروں کے ساتھ مل کر مدینہ پر حملہ کی تیاریاں ہو رہی ہیں خدارا! کچھ عرصہ کے لئے آپ اسامہ کے لشکر کو روک لیں اور پہلے ان قریبی دشمنوں کا مقابلہ کریں شامی سرحد تو دور ہے وہاں بعد میں بھی لشکر بھجوایا جا سکتا ہے۔ مگر کیا عظمت شان اور عزم و استقامت ہے جو خدا تعالیٰ اپنے خلفاء کو عطا کرتا ہے۔ وہی ابوبکرؓ جن کے بارہ میں کل تک کہا جا رہا تھا کہ ان کو نماز پڑھانے کیلئے نہ کہیں رقت سے رو پڑیں گے۔ آج حضرت عمرؓ جیسا مضبوط حوصلے والا انسان ان سے آکر کہتا ہے: ''یا حضرت! اسامہ کے لشکر کو روک لیں۔'' مگر خدا کا وہ خلیفہ شیروں کی طرح للکارتے ہوئے فرماتا ہے۔

خدا کی قسم اگر مجھے یقین ہو درندے مدینے میں آکر میرے جسم کو نوچ لیں گے تب بھی میں اسامہ کے اس لشکر کو ضرور روانہ کروں گا جسے بھجوانے کیلئے خدا کے رسول محمد مصطفیٰ ؐ نے ارشاد فرمایا تھا۔

(تاریخ ابن اثیر جز اول ص142)

پھر حضرت ابوبکرؓ نے اس لشکر کو خود شہر کے باہر جا کر روانہ فرمایا۔ پھر مرتدین کی شورش کی طرف متوجہ ہوئے۔ پہلے تمام عرب کے مرتدین کے نام آپ نے خطوط لکھے۔ جن میں اطاعت قبول کرنے والوں سے صلح اور باغیوں سے جنگ کا اعلان تھا آپ نے فرمایا کہ ہر مجمع میں میرا یہ خط پڑھ کر سنایا جائے۔ اس وقت 11ھ میں یہ حالات پیدا ہو گئے کہ مدینہ کے نواح سے سخت حملہ کا خطرہ تھا۔ لشکر اسامہ کی روانگی کے بعد مدینہ میں لڑنے والوں کی تعداد بہت کم ہو چکی تھی اور مرکز اسلام کی حفاظت کا اہم مسئلہ درپیش تھا۔ حضرت ابوبکرؓ نے مدینہ کے ناکوں پر حضرت علیؓ، زبیرؓ، طلحہؓ، عبداللہ بن مسعودؓ کو مقرر کیا اور اہل مدینہ کو مسجد میں اکٹھا کر کے تقریر کی اور مدینہ پر حملہ کی صورت میں تیاری کا حکم دیتے ہوئے فرمایا یوں سمجھو دشمن صرف ایک دن کے فاصلے پر ہے۔ آپ کے اس خطاب کے تیسرے ہی دن مرتدین نے مدینہ پر حملہ کر دیا۔ حضرت ابوبکرؓ کو اطلاع ہوئی تو خود مدینہ میں موجود نفری کو لے کر اونٹوں پر سوار ہو کر نکلے وقتی طور پر یہ دیکھ کر دشمن تو منتشر ہو گئے لیکن واپس جا کر ذوالقصہ مقام پر یہ لوگ اکٹھے ہوئے حضرت ابوبکر مٹھی بھر لوگوں کے ساتھ خود ان کے تعاقب میں نکلے۔ صحابہ نے عرض کیا کہ امیر المومنین! آپ مدینہ میں ٹھہریں آپ کو کوئی گزند پہنچی تو سارا نظام درہم برہم ہوگا ہم حاضر ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے کمال جرأت اور حوصلہ سے فرمایا میں خود اس فتنہ کو ختم کرنے میں تمہارے ساتھ شریک ہوں گا۔ اس طرح مدینہ کے گردونواح میں جس قدر فتنے تھے آپ نے ان کو فرو کیا ہے۔

دور دراز کے علاقوں میں الگ بغاوت ہو چکی تھی۔ اہل یمن نے مسلمان عاملوں کو واضح خط لکھے کہ تم ہمارے ملک میں گھس آئے ہو اسے خالی کر دو اور جس قدر اموال وغیرہ لئے ہیں وہ ہمارے حوالے کر دو۔ یمامہ میں مسیلمہ کذاب مدعی نبوت کا راج تھا۔ جو دوسری دعویدار نبوت سجاح سے شادی کر کے حق مہر میں کئی نمازیں معاف کر چکا تھا۔ شراب اور زنا کو حلال کر کے زکوٰۃ سے روکتا تھا۔ اور سجاح کے لشکر کے ساتھ مقابلہ کیلئے تیار تھا۔ طلیحہ بن خویلد بنی اسد میں تھا یہ تمام دعویدار اپنے اپنے لشکروں کے ساتھ مدینہ پر حملہ کرنے کیلئے تیار تھے۔ مرتدین ان کے علاوہ تھے۔ اس موقع پر صحابہ کے درمیان بعض مرتدین کے ساتھ جہاد میں اختلاف پیدا ہوا۔ کیونکہ ان میں ایک طبقہ صرف زکوٰۃ سے انکار کر رہا تھا چنانچہ حضرت عمرؓ نے کہا کہ آنحضورؐ نے تو فرمایا ہے جو لا الٰہ الا اللہ کہتا ہے اس سے جنگ نہیں کرنی اور یہ تو صرف زکوٰۃ کے انکاری ہیں تو ان سے ہم کیوں جنگ کریں تو حضرت ابوبکرؓ نے کمال عزم سے فرمایا۔

اگر رسول اللہؐ کے زمانہ میں یہ لوگ ایک اونٹنی کا بچہ یا ایک نکیل بھی زکوٰۃ دیتے تھے تو میں ان سے اس کے لئے لڑوں گا اور رسول اللہؐ کی جانشینی میں وہی کروں گا جو وہ کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ بعد میں مجھے بھی شرح صدر ہو گئی تھی کہ حضرت ابوبکرؓ کا یہ فیصلہ بہت ہی درست تھا اور قرآن کریم میں بھی ان برحق خلفاء کی یہی تعریف ہے۔

کہ اگر ہم ان کو زمین میں طاقت دیں تو یہ نماز قائم کریں گے اور زکوٰۃ کا اہتمام کریں گے۔ حضرت ابوبکرؓ نے ان کے مقابلہ کے لئے گیارہ مہمّاتی دستے تیار کئے اور اطراف مدینہ میں ان کو روانہ کیا۔

(طبری اردو ترجمہ جلد2 ص63)

یمامہ میں حضرت خالد بن ولید کے ساتھ حضرت ثابتؓ بن قیس کو بھجوایا وہاں بڑی زبردست جنگ ہوئی گھمسان کا رن پڑا اور پانچصد صحابہ شہید ہو گئے جو قرآن شریف کے حفاظ تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا کہ مسیلمہ کذاب سے نجات ملی وہ ہلاک ہوا۔

مسئلہ وراثت

دوسرا اہم مسئلہ جو آنحضرتؐ کی وفات کے بعد ہوا وہ ورثہ کا مسئلہ تھا۔ جسے حضرت ابوبکرؓ نے بہت حکمت سے حل کیا یہ نہایت نازک معاملہ تھا۔ ایک طرف اہل بیت رسول سے محبت اور جذباتی تعلق دوسری طرف منصب خلافت کی اہم ذمہ داری تھی کہ قومی اموال عدل کے ساتھ تقسیم ہوں۔ حضرت ابوبکرؓ نے یہ عادلانہ فیصلہ کرتے ہوئے فرمایا کہ آنحضرتؐ کا ہمارے لئے رہنما ارشاد ہے کہ ان اموال میں ہمارا ورثہ نہیں چلے گا بلکہ ہمارا ترکہ صدقہ ہوگا ہاں ان اموال سے اہل بیت اس طرح فائدہ اٹھائیں گے جس طرح آنحضرتؐ کی زندگی میں فائدہ اٹھاتے تھے مگر یہ جائیداد بطور ورثہ کے تقسیم نہیں ہوگی۔ اور حضرت فاطمہؓ سے آپ نے یہ بھی فرمایا میں ان اموال میں کوئی کوتاہی نہیں کروں گا اور نہ ہی کسی ظلم کا مرتکب ہوں گا بلکہ جیسے رسول اللہؐ ان اموال میں تصرف فرماتے تھے ویسا ہی کروں گا اور اہل بیت رسول مجھے اپنی اولاد اور اپنے گھر والوں سے بھی زیادہ پیارے ہیں۔ چنانچہ حضرت فاطمہؓ اس پر راضی ہو گئیں اور یوں یہ دوسرا نازک مرحلہ بھی طے ہوا اور خلافت کو مضبوطی عطا ہوئی۔

جمع قرآن

حضرت ابوبکرؓ کا ایک اور کارنامہ حفاظت قرآن ہے جنگ یمامہ میں 500 حفاظ شہید ہو گئے تو یہ خطرہ پیدا ہوا کہ قرآن شریف کی حفاظت کا کیا بنے گا۔ یہ ایک بہت اہم اور نازک امر تھا جس پر دین کی بنیاد تھی۔ چنانچہ خلیفہ وقت حضرت ابوبکرؓ نے اس کام کیلئے حضرت زیدؓ بن ثابت کو مقرر کیا اور قرآن شریف جو متفرق اجزاء کی شکل میں تھا انہوں نے اس کو ایک نسخہ میں جمع کروایا۔ حضرت ابوبکرؓ کے دور میں محض خطرناک فتنے ہی فرو نہیں ہوئے۔ بلکہ جمع قرآن جیسے عظیم الشان کام بھی ہوئے۔ اس کے ساتھ ہی حضرت ابوبکرؓ کے مختصر سے دور میں فتوحات کا ایک عظیم سلسلہ شروع ہو گیا۔

فتوحات کے اعتبار سے آپ کا زمانہ خلافت وہ مقدس دور ہے کہ جس میں بعد میں بننے والی مستقل اسلامی حکومت کی داغ بیل پڑی۔ چنانچہ آپ کے مبارک دور میں ہی حضرت خالدؓ بن ولید (سیف اللہ) اور ان کے ساتھیوں کے ہاتھوں عراق ایران اور شام فتح ہوئے۔

(فتوح البلدان لبلاذری مطبوعہ مصر)

فتوحات ایران

آنحضورؐ کے زمانہ سے ہی ایران سے کشمکش شروع ہو گئی تھی۔ جب آپؐ نے کسریٰ شاہ ایران کو خط لکھا اور اس نے پھاڑ دیا تو رسول اللہؐ نے فرمایا تھا کہ خدا اس کی سلطنت کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ پھر کسریٰ نے یہودیوں کی سازش سے نبی کریمؐ کی گرفتاری کے احکام بھی جاری کئے تھے۔ اب خود اس کی حکومت کے ٹکڑے ہونے کا عمل شروع ہو چکا تھا، کسریٰ کو اس کے بیٹے نے قتل کر دیا، وہ چھ ماہ حاکم رہا پھر اس کی بیٹی پوران دخت حاکم بنی رسول اللہؐ نے فرمایا تھا کہ یہ قوم کیسے کامیاب ہوگی جس نے ایک عورت کو حاکم بنا لیا ہے۔ ادھر عراق کا علاقہ جو ایرانیوں کا باجگذار تھا اور

